Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 18 **جولائی** 2018 :

چیف کمشنر (ان لینڈ ریونیو) اسلام آباد کی ہدایات FBR's کی ایک ٹیم جو کہ جناب احمد شجاع خان، کمشنر (ان لینڈ ریونیو) اور جناب اسماعیل الرحمان (ان لینڈ ریونیو آفیسر) پر مشتمل تھی نے کل مورخہ 17 جولائی 2018 کو زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) اسلام آباد کا دورہ کیا۔ زرعی بینک کے چیف فنانشل آفیسر جناب محبوب حسین اور بینک کی سینئیر مینجمنٹ نے FBR ٹیم کا بینک آمد پر استقبال کیا اور خوش آمدید کہا۔

ٹیم نے بینک انتظامیہ اور دیگر آفیسران کو FBR's ٹیکس ایمنسٹی سکیم کے بارے تفصیلات سے آگاہ کیا اور ذاتی اثاثہ جات ایکٹ، 2018 کے ساتھ ساتھ بیرون ملک اثاثہ جات (Declaration and Repatriation) ایکٹ 2018 ترمیم شدہ آرڈیننس کے رضا کارانہ اعلان کی روح کی آفادیت کے بارے مطلع کیا۔ یہ ایک انتہائی مفید پریذنٹیشن تھی جس میں شمولیت کرنے والے تمام افراد نے اطمینان کا اظہار کیا اور FBR's کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے وقت نکال کر اس سکیم بارے آگاہی کوششوں کی تعریف کی۔ بینک آفیسران نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وہ گورنمنٹ کی اس سکیم سے پوری طرح فائدہ اٹھائیں گے اور اپنے کسٹمرز کو بھی اس بارے آگارہ کریں گے۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)

فون نمبر 051-9252681-2